اداریہ

شیخ زاید اسلامک سینٹر جامعہ کراچی کی طرف سے مجلہ الثقافہ الاسلامیہ کا تینتیسواں شمارہ پیش خدمت ہے جس میں 10 مقالات کا انتخاب کیا گیا جن میں 7 اردو، 2 عربی اور ایک انگلش زبان میں ہے، مجلہ کی مجلس ادارت ومشاورت ونظرثانی کی ہمیشہ سے کوشش رہی ہے کہ ایسے مقالات کا انتخاب کیا جائے جو مسلمہ علمی تحقیقی معیار کے عین مطابق ہوں، تمام مقالات پاکستان کے بلند پایہ اساتذہ ومحققین کی نظرثانی کے بعد شائع کیے جاتے ہیں۔

اردو سیکشن میں شیخ زاید اسلامک سینٹر جامعہ کراچی کے ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر عمر حیات عاصم سیال صاحب نے "علامہ اقبال کے عشق رسول کے نظائر اور ان کے اثرات، ایک تحقیقی جائزہ" کے نام سے تحقیقی مقالہ پیش کیا ہے، شعبہ قرآن وسنۃ، کلیہ معارف اسلامیہ جامعہ کراچی کے اسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر سید غضنفر احمد صاحب اور ریسرچ اسکالر شعبہ قرآن وسنہ کلیہ معارف اسلامیہ جامعہ کراچی عثمان صفدر صاحب نے احادیث قدسیہ پر مستشرق ولیم گراہم کے اعتراضات کا جائزہ اور رد پر نہایت خوبصورتی سے روشنی ڈالی ہے جی سی یونیورسٹی لاہور کے اسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر نعیم انور نعمانی صاحب نے کلامِ باھوؒ کی عمومی مقبولیت اور اس کے رُوحانی اثرات کا تجزیاتی مطالعہ کیا ہے، شعبہ علوم اسلامی، کلیہ معارف اسلامیہ، جامعہ کراچی کے ریسرچ اسکالر سید محمد وقاص ہاشمی نے اسلامی ریاست کے مالیاتی نظام کے نام سے علمی تحقیقی مقالہ پیش کیا ہے۔

شعبہ علوم اسلامیہ یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی بنوں کے استاذ ڈاکٹر عبد القدوس نے "خیانت" ارتھ شاستر اور فقہ اسلامی کی روشنی میں تقابلی جائزہ پیش کیا ہے، گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین ڈھوک الہی بخش راولپنڈی کی اسٹنٹ پروفیسر میمونہ یاسمین نے "نظریہ معاہدہ عمرانی مسلم مفکرین کے افکار کے تناظر میں" پر تقابلی جائزہ پیش کیا ہے، شعبہ علوم اسلامی، کلیہ معارف اسلامیہ جامعہ کراچی کے استاذ ڈاکٹر محمد ریاض نے مسلم ابلاغی عمل کا تاریخیو تدریجی خاکہ قارئین کی نظر کیا ہے۔

عربی سیکشن میں شیخ زاید اسلامک سینٹر جامعہ کراچی کے اسٹنٹ پروفیسر جناب ڈاکٹر محمد مہربان باروی صاحب نے التقلید بمذھب معین کے عنوان سے علمی تحقیقی مقالہ پیش کیا ہے، اور شیخ زاید اسلامک سینٹر جامعہ کراچی کے استاذ محمد عمران نے فقہ حنفی کے نامور متن مختصر قدوری کی شرح جوھرۃ النیر ۃ کی اہمیت اور ان کے منہج پر نہایت مختصر اور علمی انداز میں گفتگو کی ہے، اور پھر اس کے مصنف امام ابو بکر حدادی کی حیات وخدمات پر روشنی ڈالی ہے۔

انگلش سیکشن میں ڈاکٹر حافظ محمد زبیر اور ڈاکٹر حافظ حسین اظہر نے Legislative and Non Legislative Verbal Sunnah: An Analytic Study کے عنوان سے مقالہ پیش کیا ہے۔

ہم مجلس ادارت ومشاورت ملکی وبین الاقوامی کے تمام ممبران کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے اپنی قیمتی آراء سے ہماری حوصلہ افزائی فرمائی، نیز ہم تمام مقالہ نگاران کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے ہمیں اپنے مقالات ارسال کیے اور امید کرتے ہیں کہ وہ آئندہ بھی ارسال کرتے رہیں گے، ہماری ہمیشہ یہ کوشش ہوتی ہے کہ ہم علمی تحقیقی مباحث پر مشتمل مقالات کا انتخاب کریں۔

پروفیسر ڈاکٹر نور احمد شاہتاز

ڈائریکٹر ومدیر

شیخ زاید اسلامک ریسرچ سینٹر، جامعہ کراچی